سوال

(428)جمعہ کے دن یا رمضان المبارک میں فوت ہونے والے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کی شب یا جمعہ کے دن یا رمضان المبارک میں فوت ہونے والے آدمی کی کیا فضیلت ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صاحب مشکاۃ لکھتے ہیں : ((وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم : مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَمُوْتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ ، أَوْ لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ إِلاَّ وَقَاہُ اللّٰہُ فِتْنَۃَ الْقَبْرِ [''عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ''نہیں کوئی مسلمان فوت ہوتا ، جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات ، مگر بچائے گا اس کو اللہ تعالیٰ قبر کے فتنہ سے ۔''] رواہ أحمد ، والترمذی ، وقال : ھٰذا حدیثٌ غریب ، ولیس إسنادہ بمتصل)) 2

شیخ البانی ... رحمہ اللہ ... تعلیق مشکاۃ میں لکھتے ہیں : ((لکن رواہ الطبرانی موصولا کما فی الفیض ، ولہ طریق أخری فی المسند (۲ ۲۲۰۱۷۶) وإسنادہ حسن أو صحیح بما قبلہ اھ واللّٰہ أعلم ۔)) رمضان میں فوت ہونے والے کی فضیلت میں مجھے فی الحال کوئی حدیث معلوم نہیں ۔

2 کتاب الصلاۃ باب الجمعۃ الفصل الثالث

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 357

محدث فتویٰ